بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الأمي وعلى آله وأصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك وبعدد خلقك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك استغفر الله الذي لا إله إلا هو الحي القيوم وأتوب إليه

سیدنا الدامغ ﷺ

ہمارے سردار باطل کا سر کچلنے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله،

" بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهُ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٌ " (سورة الانبياء ١٨)

" يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ " (سورة التحريم ٩)

" فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ۝ " (سورة الفرقان ٥٢)

واغلظ عليهم اى شدد عليهم فى الدعوة واستعمل الخشونة فى امرهم بالشرائع۔ قال الحسن اى جاهدهم باقامة الحدود عليهم۔

(فتح القدير ج ٥ ص ٢٤٨)

اشارہ ہے اس قول کی طرف:

" بلکہ ہم حق بات کو باطل پر پھینک مارتے ہیں۔ سو حق اس کا بھیجا نکال دیتا ہے سو وہ دفعتاً جاتا رہتا ہے۔"

" اے نبی! کافروں اور منافقوں سے جہاد کیجیے، اور ان پر سختی کیجیے۔"

" سو آپ کافروں کی خوشی کا کام نہ کیجیے اور قرآن سے انکا زبردست مقابلہ کیجیے"

یعنی دعوت میں ان پر سختی کر اور شریعت کے کاموں میں ان پر سختی سے کام لو۔ حسن بصری کہتے ہیں یعنی ان پر حدیں جاری کرنے میں جہاد کرو۔"